روزنامہ

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 17/ اگست 2006ء 21 رجب 1427 ہجری 17 ظہور 1385 ہش جلد 56-91 نمبر 183

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

علم کی تین قسمیں

اللہ تعالیٰ نے صاف فرمادیا ہے۔ کہ اسی جہان میں بدکاروں کے لئے جہنمی زندگی پوشیدہ طور پر ہوتی ہے۔ اور اگر غور کریں تو اپنی دوزخ کو اسی دنیا میں دیکھ لیں گے اور اس جگہ اللہ تعالیٰ نے علم کو تین درجوں پر منقسم کیا ہے۔ یعنی علم الیقین، عین الیقین، حق الیقین۔ اور عام کے سمجھنے کے لئے ان تینوں علموں کی یہ مثالیں ہیں کہ اگر مثلاً ایک شخص دور سے کسی جگہ بہت سا دھواں دیکھے اور دھوئیں سے ذہن منتقل ہو کر آگ کی طرف چلا جائے اور آگ کے وجود کا یقین کرے اور اس خیال سے کہ دھوئیں اور آگ میں ایک تعلق لاینفک اور ملازمت تامّہ ہے جہاں دھواں ہوگا ضرور ہے کہ آگ بھی ہو۔ پس اس علم کا نام علم الیقین ہے اور پھر جب آگ کے شعلے دیکھ لے تو اس کا نام عین الیقین ہے اور جب اس آگ میں آپ ہی داخل ہو جائے تو اس علم کا نام حق الیقین ہے۔ اب اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جہنم کے وجود کا علم الیقین تو اسی دنیا میں ہوسکتا ہے۔ پھر عالم برزخ میں عین الیقین حاصل ہوگا۔ اور عالم حشر اجساد میں وہی علم حق الیقین کے کامل مرتبہ تک پہنچے گا۔

تین عالم

اس جگہ واضح رہے کہ قرآنی تعلیم کی رو سے تین عالم ثابت ہوتے ہیں:۔

اول۔ دنیا جس کا نام عالم کسب اور نشأ اُولیٰ ہے۔ اسی دنیا میں انسان اکتساب نیکی کا یا بدی کا کرتا ہے اور اگرچہ عالم بعث میں نیکوں کے واسطے ترقیات ہیں۔ مگر وہ محض خدا کے فضل سے ہیں۔ انسان کے کسب کو ان میں دخل نہیں۔

(2) اور دوسرے عالم کا نام برزخ ہے۔ اصل میں لفظ بـــــرزخ لغت عرب میں اس چیز کو کہتے ہیں کہ جو دو چیزوں کے درمیان واقع ہو۔ سو چونکہ یہ زمانہ عالم بعث اور عالم نشاء اولیٰ میں واقع ہے۔ اس لئے اس کا نام برزخ ہے۔ لیکن یہ لفظ قدیم سے اور جب سے کہ دنیا کی بناء پڑی۔ عالم درمیانی پر بولا گیا ہے۔ اس لئے اس لفظ میں عالم درمیانی کے وجود پر ایک عظیم الشان شہادت مخفی ہے۔ ہم منن الرحمٰن میں ثابت کر چکے ہیں کہ عربی کے الفاظ وہ الفاظ ہیں جو خدا کے منہ سے نکلے ہیں اور دنیا میں فقط یہی ایک زبان ہے جو خدائے قدوس کی زبان اور قدیم اور تمام علوم کا سرچشمہ اور تمام زبانوں کی ماں اور خدا کی وحی کا پہلا اور آخری تخت گاہ ہے۔ اور خدا کی وحی کا پہلا تخت گاہ اس لئے کہ تمام عربی خدا کا کلام تھا جو قدیم سے خدا کے ساتھ تھا۔ پھر وہی کلام دنیا میں اترا اور دنیا نے اس سے اپنی بولیاں بنائیں۔ اور آخری تخت گاہ خدا کا اس لئے لغت عربی ٹھہری کہ آخری کتاب خدا تعالیٰ کی جو قرآن شریف ہے۔ عربی میں نازل ہوئی۔ سو برزخ عربی لفظ ہے جو مرکب ہے زخ اور بـــر سے۔ جس کے معنے یہ ہیں۔ کہ طریق کسبِ اعمال ختم ہو گیا اور ایک مخفی حالت میں پڑ گیا۔ برزخ کی حالت وہ حالت ہے کہ جب یہ ناپائیدار ترکیب انسانی تفرق پذیر ہو جاتی ہے اور روح الگ اور جسم الگ ہو جاتا ہے۔ اور جیسا کہ دیکھا گیا ہے کہ جسم کسی گڑھے میں ڈال دیا جاتا ہے اور روح بھی ایک قسم کے گڑھے میں پڑ جاتی ہے۔ جس پر لفظ زخ دلالت کرتا ہے کیونکہ وہ افعال کسب خیر یا شر پر قادر نہیں ہوسکتی کہ جو جسم کے تعلقات سے اس سے صادر ہوسکتے تھے۔ یہ تو ظاہر ہے کہ ہماری روح کی عمدہ صحت جسم پر موقوف ہے۔ دماغ کے ایک خاص حصہ پر چوٹ لگنے سے حافظہ جاتا رہتا ہے اور دوسرے حصہ پر آفت پہنچنے سے قوت متفکرہ رخصت ہوتی ہے اور تمام ہوش وحواس رخصت ہو جاتے ہیں اور دماغ میں جب کسی قسم کا تشنج ہو جائے یا ورم پیدا ہو۔ یا خون یا کوئی اور مادہ ٹھہر جائے اور کسی سدہ تام یا غیر تام کو پیدا کرے تو غشی یا مرگی یا سکتہ معاً لاحق ہو جاتا ہے۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10 ص 402)

پڑھنا لکھنا سکھا دو

جنگ بدر میں 70 کے قریب کافر قیدی بنے۔ ان میں کئی ایسے تھے جو لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔ رسول اللہؐ نے ان سے فرمایا کہ اگر تم انصار کے دس، دس بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھا دو تو تمہیں آزاد کر دیا جائے گا۔ چنانچہ انصاری بچوں نے ان سے تعلیم حاصل کرنا شروع کر دی حضرت زید بن ثابت جو بعد میں کاتب وحی بنے انہی متعلمین میں سے ہیں۔

(طبقات ابن سعد جلد 2 صفحہ 22 دارالنشر بیروت)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ

کا خطبہ جمعہ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ مورخہ 18/ اگست 2006ء سے حسب معمول برطانیہ سے پاکستانی وقت کے مطابق ایم ٹی اے پر شام 5-00 بجے براہ راست نشر ہوگا۔ احباب نوٹ فرمالیں۔ اور خطبہ سے استفادہ فرمائیں۔

تبدیلی شرط وتاریخ

داخلہ جامعہ احمدیہ ربوہ

1۔ جامعہ احمدیہ ربوہ میں داخلہ کیلئے **کم از کم معیار میٹرک** پاس مقرر ہے۔

2۔ انٹرویو مورخہ 2 ستمبر 2006ء کو بوقت صبح 7 بجے دفتر وکالت دیوان تحریک جدید ربوہ میں ہوگا۔

نوٹ: انٹرویو کے وقت میٹرک/ ایف اے/ ایف ایس سی کی اصل سند/ رزلٹ کارڈ اور فوٹو کاپی ساتھ لائیں مزید معلومات کیلئے مندرجہ ذیل فون نمبرز پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

فون: 047-6213563 فیکس: 047-6212296

(وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ)

ضرورت اساتذہ

نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ میں میتھ پڑھانے کیلئے ایک مرد استاد کی فوری ضرورت ہے۔ خواہشمند حضرات اپنی درخواستیں صدر صاحب حلقہ کی تصدیق سے بنام چیئرمین صاحب ناصر فاؤنڈیشن لکھ کر خاکسار کو جلد از جلد بھجوا دیں۔

تعلیمی قابلیت: ایم۔ ایس۔ سی (Math) کم از کم سیکنڈ ڈویژن

انٹرویو: مورخہ 31۔ اگست 2006ء بوقت 8 بجے صبح

(پرنسپل نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ)

مشعل راہ

منہاج الطالبین یعنی خدا تعالیٰ تک پہنچنے والوں کا راستہ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے 1925ء کے جلسہ سالانہ پر منہاج الطالبین کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے فرمایا

اب میں وہ مضمون شروع کرتا ہوں جس کے متعلق میں پہلے اشارہ کر چکا ہوں۔ میرے دل میں مدت سے یہ خواہش تھی کہ یہ مضمون بیان کروں۔ یہ ایسا اہم مضمون ہے کہ ہر انسان کے دل میں اس کے متعلق سوال پیدا ہوتا ہے اور بے شمار لوگوں نے اس کے متعلق مجھ سے پوچھا ہے اور اس کے بارے میں نسخہ دریافت کیا ہے۔ وہ سوال یہ ہے کہ وہ کونسے ذرائع ہیں جن پر عمل کر کے انسان گناہوں سے پاک ہو جائے اور نفس میں نیکیاں پیدا ہو جائیں۔ عام طور پر اس کا یہ جواب دیا جاتا ہے کہ نیکی کرو، نیکی کرو اور گناہوں سے بچو، گناہوں سے بچو لیکن جیسا کہ ہر ایک شخص کے تجربہ میں آیا ہے کہ بہت سے لوگ کہتے ہیں کہ ہم نے قرآن کریم کو پڑھا، احادیث کو پڑھا، حضرت مسیح موعود کی کتابوں کو پڑھا اور گناہوں سے بچنے کی کوشش کی مگر ہم کلی طور پر نہیں بچ سکے۔ نیکی کرنے کے لئے ہم نے کوشش کی مگر کامیاب نہ ہو سکے اب بتاؤ ہمارا کیا علاج ہے اس لئے ضروری ہے کہ اس نقطہ سے بحث کی جائے کہ کس طرح انسان کی اس کمزوری کو دور کیا جائے کہ وہ باوجود ارادہ اور کوشش کے گناہوں سے بچنے میں کامیاب نہیں ہو سکتا۔ جب میں نے اس مضمون کے متعلق نوٹ لکھنے شروع کئے تو خیال کر کے کہ یہ مضمون عرفان الٰہی کے مضمون کے بعض حصوں سے ٹکرائے گا اس تقریر کا مطالعہ کیا۔ اس وقت مجھے معلوم ہوا کہ میں نے اس تقریر میں وعدہ کیا ہوا تھا کہ یہ مضمون بیان کروں گا۔ یہ خدا تعالیٰ کا فضل ہے کہ اب میں اس وعدہ کو پورا کرنے لگا ہوں۔

پھر جب میں اس مضمون پر غور کرنے لگا تو ایک پرانی اور بہت پرانی رویا مجھے یاد آ گئی۔ حضرت مسیح موعود کی وفات کے ایک آدھ ماہ بعد میں نے یہ رویا دیکھی تھی اور اس وقت اس کی کوئی تعبیر نہ سوجھتی تھی۔ رویا یہ تھی کہ ایک مصلّی ہے جس پر میں نماز پڑھ کے بیٹھا ہوں میرے ہاتھ میں ایک کتاب ہے۔ جس کے متعلق مجھے بتایا گیا ہے کہ وہ شیخ عبدالقادر صاحب جیلانی کی ہے اور اس کا نام منہاج الطالبین ہے۔ یعنی خدا تعالیٰ تک پہنچنے والوں کا رستہ۔ میں نے اس کتاب کو پڑھ کر رکھ دیا کہ پھر یکدم خیال آیا کہ یہ کتاب حضرت خلیفہ اول کو دینی ہے اس لئے میں اسے ڈھونڈنے لگا ہوں مگر وہ ملتی نہیں۔ ہاں اسے ڈھونڈتے ڈھونڈتے ایک اور کتاب مل گئی۔ اس وقت میری زبان پر یہ الفاظ جاری ہو گئے۔ وما یعلم جنود............ اور تیرے رب کے لشکروں کو سوائے اس کے اور کوئی نہیں جانتا۔

اس کے بعد میں نے اس خیال سے کہ اگر شیخ عبدالقادر صاحب جیلانی کی کوئی کتاب اس نام کی ہو تو اسے تلاش کروں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول سے پوچھا تو آپ نے فرمایا۔ ان کی اس نام کی تو کوئی کتاب نہیں۔ البتہ غنیۃ الطالبین نام کی کتاب ہے۔ پھر معلوم ہوا کہ اس نام کی کسی اور کی کتاب بھی نہیں ہے۔ پھر خیال آیا کہ ممکن ہے کہ کسی وقت مجھے ہی اس نام کی کتاب لکھنے کی توفیق ملے اور عبدالقادر سے مراد یہ ہو کہ اس میں جو کچھ لکھا جائے وہ میرے دماغ کا نتیجہ نہ ہو بلکہ خدا تعالیٰ کی سمجھائی ہوئی باتیں ہوں۔ اسی وجہ سے میں نے اس مضمون کا نام منہاج الطالبین رکھا ہے۔ (منہاج الطالبین۔ انوار العلوم جلد 9 ص 172)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم ثاقب کامران صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل و کرم سے خاکسار کو 5۔اگست 2006ء کو بیٹی سے نوازا ہے جس کا نام رومائنہ کاشفہ کامران تجویز ہوا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے از راہ شفقت بچی کو وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل فرمایا ہے۔ یہ بچی مکرم چوہدری عبدالقدوس صاحب ثانی کوٹ احمدیاں ضلع بدین حال مقیم گلشن جامی کراچی کی پوتی اور مکرم چوہدری مبارک احمد صاحب آف کراچی کی نواسی ہے یہ بھی اللہ کا خاص فضل ہے کہ خاکسار اور خاکسار کی اہلیہ مکرمہ عظمیٰ حنا ثاقب صاحبہ بھی وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی کو صحت و سلامتی والی لمبی زندگی عطا کرے اور خدمات دینیہ کی توفیق بخشتا چلا جائے۔ آمین

اعلان دارالقضاء

(مکرم محمد ادریس صاحب بابت ترکہ مکرم محمد اسماعیل صاحب وغیرہ)

مکرم محمد ادریس صاحب نے درخواست دی ہے کہ قطعہ نمبر 13/11 محلّہ دارالصدر ربوہ برقبہ 2 کنال سے 1 کنال درج ذیل افراد کے نام بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے۔

مکرم محمد اسماعیل صاحب، مکرم محمد اسحٰق صاحب مکرم محمد ادریس صاحب، مکرم محمد الیاس صاحب، مکرم محمد یحییٰ صاحب، مکرم محمد زکریا صاحب، پسران مکرم محمد ابراہیم خلیل صاحب اور محترمہ سلیمہ قدسیہ صاحبہ، محترمہ صادقہ قدسیہ صاحبہ، محترمہ سارہ قدسیہ صاحبہ، دختران مکرم محمد ابراہیم خلیل صاحب۔ درج ذیل بالا مقاطعہ گیر میں سے درج ذیل افراد وفات پا چکے ہیں۔

i۔ مکرم محمد اسماعیل صاحب ii۔ مکرم محمد الیاس صاحب iii مکرمہ صادقہ قدسیہ صاحبہ iv۔ مکرمہ سارہ قدسیہ صاحبہ v۔ مکرمہ سلیمہ قدسیہ صاحبہ وفات یافتہ افراد کے ورثاء کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ مکرم محمد اسماعیل صاحب (غیر شادی شدہ)
2۔ مکرم محمد الیاس صاحب۔ (غیر شادی شدہ)
3۔ مکرمہ صادقہ قدسیہ صاحبہ (لاولد)
4۔ مکرمہ سارہ قدسیہ صاحبہ۔ ورثاء (1) مکرمہ ناصرہ فوزیہ احمد صاحبہ بیٹی (2) مکرم محمود احمد صاحب (بیٹا)
5۔ مکرمہ سلیمہ قدسیہ صاحبہ۔ ورثاء (1) مکرمہ نسیمہ قدسیہ صاحبہ (بیٹی) (2) مکرم الطاف احمد صاحب (بیٹا)

مکرم محمد اسماعیل صاحب، محمد الیاس صاحب غیر شادی شدہ تھے اور مکرمہ صادقہ قدسیہ صاحبہ لاولد فوت ہوئی ہیں۔ جبکہ ان کے شوہر مکرم راجہ غلام حسین صاحب بھی وفات ہو چکے ہیں۔ ان کا حصہ درج ذیل ورثاء میں تقسیم کر دیا جائے جو زندہ ہیں۔

1۔ مکرم محمد اسحٰق خلیل صاحب 2۔ مکرم محمد یحییٰ صاحب 3۔ مکرم محمد ادریس صاحب 4۔ مکرم محمد زکریا صاحب

مکرمہ سارہ قدسیہ صاحبہ کا حصہ بحصص شرعی ان کے ورثاء (1) مکرمہ ناصرہ فوزیہ احمد صاحبہ (بیٹی) (2) مکرم محمود احمد صاحب (بیٹا) اور مکرمہ سلیمہ قدسیہ صاحبہ کا حصہ ان کے ورثاء مکرمہ نسیمہ قدسیہ صاحبہ (بیٹی) اور مکرم الطاف احمد صاحب (بیٹا) میں بحصص شرعی تقسیم کر دیا جائے۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہ ہے۔

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اس منتقلی پر اگر کسی وارث یا غیر وارث کو کوئی اعتراض ہو تو 30 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

اعلان داخلہ

انڈس ویلی سکول آف آرٹ اینڈ آرکیٹیکچر کراچی نے درج ذیل ڈگری پروگرام میں داخلے کا اعلان کیا ہے۔ (i) آرکیٹیکچر (5 سالہ ڈگری) (ii) انٹیریئر ڈیزائن (چار سالہ) (iii) ڈیزائن (کمیونیکیشن ٹیکسٹائل کریمکس) چار سالہ (iv) فائن آرٹس (چار سالہ) درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 9 ستمبر 2006ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے اس فون پر رابطہ کریں۔ 5861039-40 ,111-111-487

کالج آف میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی اسلام آباد نے بی ایس سی میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی میں داخلے کا اعلان کیا ہے اس میں F.Sc پری میڈیکل کم از کم فرسٹ ڈویژن یا اس کے مساوی قابلیت کے امیدوار درخواست دے سکتے ہیں۔ درخواست فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 24۔اگست 2006ء ہے مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 9۔اگست 2006ء ملاحظہ کریں۔

(نظارت تعلیم)

درخواست دعا

مکرم محمد اکبر صاحب چوہدری دارالصدر غربی لطیف ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ عزیزہ ملیحہ بنت مکرم ملک بشیر الدین صاحب کو بغرض علاج امریکہ لے جایا گیا تھا۔ اب الحمدللہ طبیعت بہتر ہو رہی ہے۔ چلنے پھرنے لگی ہے احباب سے شفائے کاملہ وعاجلہ کیلئے درخواست دعا ہے۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

آقائے دوعالم رسول کریم ﷺ کو غیروں کا خراج عقیدت

آپ عظیم ترین اور مؤثر ترین انسان تھے۔ آپ کے اخلاق پاک اور بے عیب تھے

آپ کی وسیع کامیابیوں کو دیکھ کر انسان محوحیرت ہو جاتا ہے۔ آپ ممتاز اور منفرد وجود تھے

مرتبہ: فرخ سلمانی

رسول اللہ ﷺ کی قوت متحرکہ

مسٹر مائیکل ایچ ہارٹ اپنی کتاب ''دی ہنڈرڈ'' (The Hundred) میں لکھتے ہیں:۔

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) دینی و دُنیاوی دونوں قسم کے رہنما تھے۔ دراصل عرب فتوحات کے پیچھے آپؐ کی قوت متحرکہ ہی تھی جس کی بناء پر آپؐ دُنیا کے عظیم ترین اور مؤثر ترین سیاسی رہنما کی مسلمہ حیثیت کے حامل بن گئے...... دنیا کے اہم واقعات کے بارہ میں کہا جاسکتا ہے کہ وہ کسی خاص سیاسی رہنما کے بغیر بھی ہو کر رہنے ہی تھے......لیکن عرب کی فتوحات کے بارہ میں یہ نہیں کہا جاسکتا کیونکہ محمدؐ نے جو کچھ کر دکھایا اس سے پہلے اس کی کوئی مثال نہیں ملتی اور کوئی وجہ نہیں کہ یقین کیا جائے کہ یہ فتوحات آپؐ کے بغیر بھی حاصل ہو سکتی تھیں۔

(A Ranking of the most influential persons of History, 1987 NY)

اعلیٰ ترین انقلاب

مسٹر پرنگل کنیڈی (Pringle Kennedy) نے اپنی انگریزی کتاب ''عربین سوسائٹی ایٹ دی ٹائم آف محمد'' میں تحریر کیا:۔

کھلے لفظوں میں (کہا جائے تو) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) زمانہ کے عظیم انسان تھے۔...... یہ کیسے ہوا کہ 650ء (محمدؐ کی بعثت کے بعد) میں دنیا کا ایک بہت بڑا خطہ پہلے کے مقابل پر ایک مختلف دنیا میں تبدیل ہو گیا۔ بلاشبہ یہ تاریخ انسانی کا ایک انتہائی شاندار باب ہے۔ پھر یہ انقلاب آگے بڑھا......انتہا پرست عیسائیوں اور مستشرقین کی مخالفانہ رائے کے باوجود ان گہرے اثرات میں کوئی کمی نہیں آسکتی جو آپؐ کی زندگی نے تاریخ عالم پر ثبت کئے۔ ماننا پڑتا ہے کہ آپؐ انسان کے برپا کردہ انقلاب کی اعلیٰ ترین مثال ہیں۔

(Arabian Society at the time of Muhammad page 8-10,18-21)

سچا رسولؐ

ایس پی سکاٹ (S.P.Scott) اپنی انگریزی کتاب ''ہسٹری آف دی مورش ایمپائر ان یورپ'' میں نبی کریمؐ کی زندگی کا حاصل یوں بیان کرتے ہیں:۔

اگر مذہب کا مقصد اخلاق کی ترویج، برائی کا خاتمہ انسانی خوشی و خوشحالی کی ترقی اور انسان کی ذہنی صلاحیتوں کا جلاء ہے اور اگر نیک اعمال کی جزا اس بڑے دن ملنی ہے جب تمام بنی نوع انسان قیامت کو خدا کے حضور پیش کئے جائیں گے تو پھر یہ تسلیم کرنا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) بلاشبہ خدا کے رسول تھے۔ ہرگز بے بنیاد اور بے دلیل (دعویٰ) نہیں ہے۔

(S.P. Scott, History of the Moorish Empire in Europe, Page:126)

عظیم ترین انسان

لامارٹن اپنی کتاب ''ہسٹری آف ترکی'' میں تحریر کرتے ہیں:۔

فلاسفر، مقرر، رسول، قانون دان، جنگجو، ذہنوں کو فتح کرنے والا، حکمت کے اُصول قائم کرنے والا، بیس دنیوی سلطنتوں اور ایک روحانی سلطنت کا بانی یہ سب کچھ تھا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)۔ وہ تمام معیار جن سے انسانی عظمت کا پتہ لگایا جاسکتا ہے، ان کے لحاظ سے ہم بجا طور پر یہ سوال کر سکتے ہیں کیا اس (محمدؐ) سے عظیم تر کوئی انسان (دنیا میں) ہے؟

Lamartine, History of Turky,) (Page:276

مکمل کتاب

باس ورتھ اسمتھ اپنی کتاب محمد اینڈ محمڈن ازم میں رسول اللہؐ کے متعلق لکھتے ہیں:۔

اس میں شک نہیں کہ اُن کی شخصیت کے بہت سے پرَت ہیں اور ان میں سے ہر ایک تک ہماری رسائی ممکن نہیں ہے تاہم محمد (ﷺ) کی زندگی کے متعلق ہم ہر چیز جانتے ہیں۔ اُن کی جوانی، اُن کی اُٹھان، اُن کے تعلقات، اُن کی عادتیں، ابتدائی حالات اور پہلی وحی کے نازل ہونے تک کا لمحہ، ذہنی سفر اور ارتقاء وغیرہ۔ نیز ان کی داخلی، باطنی زندگی کے متعلق بھی، اور یہ کہ جب اعلانِ نبوت کر چکے تو پھر ہم ایک ایسی مکمل کتاب پاتے ہیں جو اپنی ابتداء اپنی حفاظت اور متن وغیرہ کے کئی پہلوؤں کے لحاظ سے بالکل ممتاز و منفرد ہے۔ اور اب تک ایسی کوئی معقول و مستند وجہ سامنے نہیں آئی جس کی بنیاد پر اس کتاب کے خلاف کوئی شدید اعتراض کیا جاسکے۔

(Smith, R.Bosworth, Muhammad and Mohammadanism Page 40,41 London...1876 (Second Ed.)

زمانہ پکار رہا تھا

سر ولیم میور اپنی کتاب لائف آف محمد میں لکھتے ہیں:۔

محمد (ﷺ) کی بعثت کے وقت دنیا کی حالت زار کا نقشہ قرآن میں یوں پیش کیا گیا ہے کہ ''لوگوں کے بداعمال کی وجہ سے خشکی اور تری میں فساد برپا ہو چکا ہے'' (30:42) اس سے ہماری بیان کردہ شہادت کی تائید ہوتی ہے اور واضح ہو جاتا ہے کہ رسول اللہ کی بعثت کے وقت دنیا کی حالت باآواز بلند اس عالمی اور کامل الٰہی ہدایت کو پکار رہی تھی جو خدا کے الہامی الفاظ میں ایک ایسے رسول کے ذریعہ بیان کی جائے جس کی زندگی مختلف پہلوؤں اور جہات پر حاوی ہو اور جو بنی نوع انسان کے لئے ایک نمونہ اور اسوہ ہو، ایسے انسان محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہی تھے۔...... بلاشبہ آپؐ کا وجود انسان کی رشد و ہدایت کے لئے خدا کے ہتھیار کے طور پر پہلے سے مقدر تھا۔

(Sir William Mur, Life of Muhammad)

محوحیرت

ڈبلیو منٹگمری واٹ اپنی کتاب ''محمد ایٹ مدینہ'' میں رقمطراز ہیں:۔

جتنا ایک انسان محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی ابتدائی اسلام کی تاریخ پر غور کرتا ہے اتنا ہی وہ آپؐ کی وسیع کامیابیوں کو دیکھ کر محوحیرت ہو جاتا ہے۔ حالات نے آپؐ کو وہ موقع دیا جو بہت کم ہی کسی کو میسر آیا ہوگا تاہم آپؐ کی ذات زمانے کے جملہ تقاضوں پر پوری اُترتی تھی، غیب پر اطلاع پانے، مدبّر اور منتظم ہونے کے علاوہ اگر آپؐ کا اس بات پر محکم ایمان نہ ہوتا کہ خدا نے آپؐ کو بھیجا ہے تو انسانی تاریخ کا ایک قابل ذکر باب ضبط تحریر میں آنے سے رہ جاتا۔

(W.Montgomery Watt, Muhammad at Medina, page:336)

کامیاب نبی

ڈریپر لکھتے ہیں:۔

جسٹینین کی وفات کے چار سال بعد 569ء میں مکہ میں وہ آدمی پیدا ہوا جس نے انسانیت پر تمام انسانوں میں سے سب سے زیادہ اثر ڈالا۔

(ڈریپر، جون ولیم، اے ہسٹری آف دی انٹلکچوئل ڈیولپمنٹ آف یورپ لنڈن 1875ء جلد 1 ص 329)

مضمون نگار انسائیکلو پیڈیا برٹینیکا میں لکھتا ہے:۔

محمدؐ مذہبی شخصیات میں سے تمام نبیوں میں سب سے زیادہ کامیاب رہے۔

Encyclopaedia Britannica (11th edition, article "Koran")

مجموعۂ اخلاق حسنہ

ڈاکٹر گستاوویل آنحضرتؐ کی پاکیزہ سیرت کے متعلق یوں گویا ہیں کہ:۔

محمدؐ نے اپنے لوگوں کے لئے ایک روشن نمونہ قائم کیا آپؐ کے اخلاق پاک اور بے عیب ہیں۔ آپؐ کی سادگی، آپؐ کی انسانی ہمدردی' آپ کا مصائب میں استقلال آپ کا طاقت کے وقت فروتنی اختیار کرنا' آپؐ کی مضبوطی' آپؐ کی کفایت شعاری' آپؐ کا درگزر' آپؐ کی متانت' آپ کا قوت کے وقت عاجزی کا اظہار کرنا' آپؐ کی حیوانوں کے لئے رحم دلی' آپؐ کی بچوں سے محبت' آپؐ کا انصاف اور عدل کے اوپر غیر متزلزل ہوکر قائم ہونا' کیا دنیا کی تاریخ میں کوئی اور مثال ہے جہاں اس قدر اعلیٰ اخلاق ایک ہی شخص کی ذات میں جمع ہوئے ہوں۔

(Gustav Weil , Muhammad and Teachigs of Quran by Johan Davenport, Shaikh Muhammad Ashraf, Kashmiri Bazar Lahore, page 119-120)

بلند کردار کا حامل

انگریزی زبان کے مشہور انشاپرداز ادیب اور مصنف تھامس کارلائل لکھتے ہیں:۔

مسلمانوں کو بجا طور پر فخر ہے کہ آپؐ اپنے جوتے کی خود مرمت فرمالیا کرتے تھے۔ اپنے کپڑوں میں خود پیوند لگالیتے تھے۔ آپؐ نے زندگی محنت پسندی اور عسرت میں بسر فرمائی۔ اگر محمدؐ کا کردار بلند نہ ہوتا تو ان کی قوم ان کو اس طرح دل سے نہ چاہتی۔ دنیا میں کسی شہنشاہ کے احکام کی کبھی ایسی اطاعت نہیں کی گئی جیسی گدڑی میں لپٹی اس عظیم ہستی کی کی گئی۔ ان کا تئیس سالہ دور نبوت ایک ہیرو کی تمام صفات اپنے اندر لئے ہوئے ہے۔

(On Heroes Hero-Worship and the Heroic in History by T.Carlyle p.87)

بطل جلیل

انگریزی زبان کے مشہور انشاپرداز ادیب اور مصنف تھامس کارلائل لکھتے ہیں:۔

اہل عرب کے لئے یہ انقلاب ایک نئی زندگی تھی جو انہیں تاریکی سے نور کی طرف لے آئی تھی۔ عرب اس کے ذریعے سے پہلی دفعہ زندہ ہوا۔ ایک ایسی قوم جو ابتدائے آفرینش سے گمنامی کے عالم میں ریوڑ چراتی پھرتی تھی۔ ان کی طرف ایک رسول آیا جو اپنے ساتھ ایک ایسا پیغام لایا جس پر وہ قوم ایمان لے آئی، وہ دیکھو! وہی گمنام چرواہے دنیا کی ممتاز ترین قوم بن گئے۔ وہ حقیر قوم ایک عظیم الشان ملت میں تبدیل ہوگئی۔ میں نے کہا کہ عظیم انسان ہمیشہ آسمان سے شعلۂ نور بن کر اُترتا ہے۔ نوع انسانی خشک نیستاں کی طرح اس شرارہ کے انتظار میں تھی۔ وہ شرارہ اس بطل جلیل کی صورت میں آسمان سے آیا اور تمام نوع انسانی کو شعلہ صفت بنادیا۔

(On Heroes Hero-Worship and the Heroic in History by T.Carlyle p.87)

حیران کن جاذبیت

مسٹر برنارڈ شا نے بانیٔ اسلام اور آپؐ کے مذہب کی برتری کا ذکر کرتے ہوئے لکھا:۔

اگلے سو سال میں اگر کسی مذہب کو انگلستان بلکہ یورپ پر غلبہ حاصل کرنا ممکن ہے تو وہ صرف اسلام ہے...... میں نے ہمیشہ محمدؐ کے مذہب کو اس کی حیران کن جاذبیت کی وجہ سے انتہائی معزز جانا ہے۔ یہ وہ منفرد مذہب ہے جو میری رائے میں دنیا کے بدلتے ہوئے حالات کو اپنے اندر جذب کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور ہر زمانہ کو متاثر کرسکتا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ محمد ﷺ جیسا انسان آج کی جدید دنیا کو مطلق العنان حکمران کے طور پر مل جاتا تو وہ دنیا کے مسائل اس طرح حل کرنے میں ضرور کامیاب ہوتا کہ انسانیت کو مطلوب امن اور خوشحالی کی دولت نصیب ہوجاتی۔

(Muhammad and Teachings of Quran by Johan Davenport 27)

مرکز ثقل

شہنشاہ فرانس نپولین بوناپارٹ نے رسول اللہ ﷺ کی عظمت کا اعتراف کرتے ہوئے لکھا:۔

محمد ﷺ کی ذات ایک مرکز ثقل تھی جس کی طرف لوگ کھنچے چلے آتے تھے۔ ان کی تعلیمات نے لوگوں کو اپنا مطیع و گرویدہ بنالیا اور ایک گروہ پیدا ہوگیا جس نے چند ہی سال میں اسلام کا غلغلہ نصف (معلومہ) دنیا میں بلند کردیا۔ اسلام کے ان پیرووں نے دنیا کو جھوٹے خداؤں سے چھڑالیا۔ انہوں نے بت سرنگوں کردیئے۔ موسیٰ و عیسیٰ کے پیرووں نے 15 سو سال میں کفر کی نشانیاں اتنی منہدم نہ کی تھیں جتنی ان متبعینِ اسلام نے صرف پندرہ سال میں کردیں۔ حقیقت یہ ہے کہ محمدؐ کی ہستی بہت ہی بڑی تھی۔

(بوناپارٹ اور اسلام از شیفلر (پیرس) بحوالہ پیغمبر اسلام غیر مسلموں کی نظر میں ص 79)

عظیم ترین انقلاب

کونسٹن درجبل جارجیو (وزیر خارجہ رومانیہ) نے اپنی کتاب ''محمدؐ'' میں رسول اللہؐ کے انقلاب کو دنیا کا عظیم ترین انقلاب قرار دیتے ہوئے لکھا:۔

عربستان میں جو انقلاب حضرت محمدؐ برپا کرنا چاہتے تھے وہ انقلاب فرانس سے کہیں بڑا تھا۔ انقلاب فرانس فرانسیسیوں کے درمیان مساوات پیدا نہ کرسکا مگر پیغمبر اسلام کے لائے ہوئے انقلاب نے مسلمانوں کے درمیان مساوات قائم کردی اور ہر قسم کے خاندانی طبقاتی اور مادی امتیازات کو مٹادیا۔

(پیغمبر اسلام غیر مسلموں کی نظر میں ص 153)

مقصد کی عظمت

رسول اللہؐ کے پیدا کردہ انقلاب کا ذکر کرتے ہوئے لامارٹن لکھتے ہیں:۔

اگر مقصد کی عظمت، وسائل کی قلت اور حیرت انگیز نتائج! ان تین باتوں کو انسانی تعقل و تفکر کا معیار بلند مانا جائے تو کون ہے جو تاریخ کی کسی قدیم یا جدید شخصیت کو محمد (ﷺ) کے مقابل لانے کی ہمت کرسکے۔...... اس کی نظر کیمیا اثر نے لاکھوں متنفس ایسے پیدا کردیئے، جو اس وقت کی معلوم دنیا کی ایک تہائی آبادی پر مشتمل تھے اور اس سے بھی آگے بڑھ کر، انہوں نے قربان گاہوں کو، خداؤں کو، دین و مذہب کے پیروکاروں کو خیالات و افکار کو، عقائد و نظریات کو، بلکہ روحوں کو بدل ڈالا۔ پھر صرف ایک کتاب کی بنیاد پر، جس کا لکھا ہوا ہر لفظ قانون تھا، ایک ایسی روحانی اُمت کی تشکیل کردی گئی جس میں ہر زمانے، وطن، قومیت کا حامل فرد موجود تھا۔

(Lamartine, Histoire deca Turquie Pairis 1854 جلد 2 ص 276,277)

حقیقت پسند انسان

ایک مستشرق جیمز اے میچنر لکھتا ہے:۔

محمد (ﷺ) ہر میدان میں مکمل طور پر حقیقت پسند انسان تھے۔ جب آپ کے فرزند ابراہیم کا انتقال ہوا تو اسی دوران ایک گرہن بھی لگا۔ فوراً ہی یہ افواہیں گردش کرنے لگیں کہ خدا تعالیٰ بھی اس غم میں شریک ہے۔ تب محمد (ﷺ) نے اعلان کیا کہ گرہن تو قدرت کا ایک عمل ہے۔ ایسی چیزوں کا کسی انسان کی زندگی یا موت سے تعلق قائم کرنا بیوقوفی ہے۔

(james A. Michener: Islam: The Misunderstood religion. Reader's Digest (American Edition) May 1955,P.68)

شفاف چشمہ

اطالوی مستشرقہ ڈاکٹر وگلیری لکھتی ہیں:۔

تہذیب و تمدن کی شاہراہوں سے دُور بیابان میں ایک جاہل قوم بستی تھی۔ جس کے اندر خالص اور شفاف پانی کا ایک چشمہ نمودار ہوا۔ جس کا نام اسلام ہے...... اسلام آیا اور اس نے ان خون خرابوں کو مٹا کر دلوں کے اندر اپنی تاثیر پھونک دی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مذہب اخلاق اور مقاصد میں ہم آہنگی پیدا ہوگئی۔ باہمی اخوت کے جذبات موجزن ہونے لگے۔ اسلامی چشمہ ایک ناقابل مزاحمت دریا بن گیا۔ اور اس کے خالص اور پرزور دھارے نے زبردست سلطنتوں کو گھیر لیا۔ جو نئی یا پرانی تہذیب کی حامل تھیں...... یہ وہ شور تھا جس نے سوتوں کو جگادیا یہ وہ روح تھی جس نے پراگندہ اقوام کو بالآخر وحدت کی لڑی میں پرودیا۔

(اسلام پر نظر ص 9,16 مترجم جناب شیخ محمد احمد مظہر ایڈووکیٹ لائلپور مطبوعہ 1957ء)

حیرت انگیز

اطالوی مستشرقہ ڈاکٹر وگلیری لکھتی ہیں:۔

تاریخ عالم میں ایسا انقلاب کبھی نہ آیا تھا جس سرعت سے اسلامی فتوحات عمل میں آئیں اور جتنی جلدی چند مخلص اشخاص کے مذہب نے لاکھوں انسانوں کے دلوں میں گھر کرلیا...... انسانی دماغ کے لئے یہ بات معمہّ ہے کہ آخر وہ کونسی مخفی طاقت تھی جس کی بدولت چند آزمودہ کار لوگوں نے ان قوموں کو مغلوب کرلیا۔ جو تہذیب دولت تجربے اور فنون جنگ میں ان سے بدرجہا افضل تھیں...... انہوں نے اپنے ساتھیوں کے دلوں میں اپنے نصب العین کے حصول کے لئے ایک ایسا حیرت انگیز ولولہ اور مستقل تڑپ پیدا کردی کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک ہزار سال بعد تک بھی کوئی دوسرا مذہب اس ولولے اور تڑپ کا ہمسر نہ ہوگا۔...... فی الحقیقت اس مصلح کا کام نہایت اعلیٰ اور شاندار تھا۔ ہاں! یہی وہ مصلح تھا جس نے ایک بت پرست اور وحشی قوم کو کیچڑ سے نکال کر ایک متحد اور موحد جماعت بنادیا۔ اور

ان میں اعلیٰ اخلاق کی روح پھونک دی۔

(اسلام پر نظر ص 9,16 مترجم حضرت شیخ محمد احمد مظہر ایڈووکیٹ مطبوعہ 1957ء)

فضیلت کا جھنڈا

مشہور آریہ مصنف پرکاش دیوی لکھتے ہیں:۔

"فی الواقع آنحضرتؐ کی ذات سے جو جو فیض دنیا کو پہنچے اُن کے لئے نہ صرف عرب بلکہ تمام دنیا کو اُن کا شکر گذار ہونا مناسب ہے۔ کون کونسی تکلیفیں ہیں جو اس بزرگ نے نسل انسان کے لئے اپنے اُوپر برداشت نہیں کیں اور کیا کیا مصیبتیں ہیں جو اُن کو اس راہ میں اُٹھانی نہیں پڑیں۔ عرب جیسے ایک وحشی اور کندۂ ناتراش ملک کو توحید کی راہ دکھانا اور اُن بدیوں سے روکنا جو عادت میں داخل ہوگئی تھیں کچھ سہل کام نہ تھا۔ تنگ دل اور متعصب لوگ ایسے بزرگ کی نسبت کچھ ہی کہیں لیکن جو لوگ انصاف پسند اور کشادہ دل ہیں وہ کبھی محمدؐ صاحب کی ان بے بہا خدمات کو جو وہ نسل انسان کے لئے بجالائے بُھلا کر احسان فراموش نہیں ہوسکتے وہ اپنی فضیلت کا ایسا جھنڈا کھڑا کر گئے ہیں جس کے نیچے اب تیرہ چودہ کروڑ دنیا کے آدمی پناہ گزین ہیں اور اُن کے نام پر جان دینے کے لئے مستعد کھڑے ہیں۔"

(پرکاش دیوی، سوانح عمری حضرت محمد صاحب ص 25)

سب سے بڑا انسان

بیروت کے مسیحی اخبار الوطن نے 1911ء میں لاکھوں عرب عیسائیوں کے سامنے یہ سوال پیش کیا تھا کہ دنیا کا سب سے بڑا انسان کون ہے؟ اس کے جواب میں ایک عیسائی عالم (داور مجاعص) نے لکھا:۔

"دنیا کا سب سے بڑا انسان وہ ہے جس نے دس برس کے مختصر زمانہ میں ایک نئے مذہب ایک نئے فلسفہ، ایک نئی شریعت اور ایک نئے تمدن کی بنیاد رکھی، جنگ کا قانون بدل دیا، اور ایک نئی قوم پیدا کی اور ایک نئی طویل العمر سلطنت قائم کردی ہے۔ ان تمام کارناموں کے باوجود وہ امی اور ناخواندہ تھا، وہ کون؟ محمد بن عبداللہ قریشی، عرب اور اسلام کا پیغمبر، اس پیغمبر نے اپنی عظیم تحریک کی ہر ضرورت کو خود ہی پورا کردیا۔ اور اپنی قوم اور اپنے پیروؤں کے لئے اور اس سلطنت کے لئے جس کو اس نے قائم کیا، ترقی اور دوام کے اسباب بھی خود مہیا کردیئے۔

(بحوالہ سیرت النبیؐ جلد 4 ص 400 تالیف علامہ سید سلیمان ندوی)

دعاؤں کو حصول زر کا ذریعہ بنانا تو ایک لعنت ہے

خلافت کی موجودگی میں ایسی گدیوں کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کا مجلس انصاراللہ مرکزیہ سے خطاب کا ایک حصہ

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے سالانہ اجتماع مجلس انصاراللہ مرکزیہ پر 31/اکتوبر 1966ء کو جو اختتامی خطاب فرمایا اس کا ایک حصہ پیش خدمت ہے۔

میں مختصراً دو اور خطروں کے متعلق کچھ بتاؤں گا اور وہ یہ ہے کہ جب ایسی الٰہی جماعت دنیا میں قائم ہوتی ہے خدا تعالیٰ کے انبیاء کی قوت قدسیہ کے نتیجہ میں۔ تو بعض لوگ اس جماعت میں ایسے بھی پیدا ہوجاتے ہیں جو دعاؤں کے ذریعہ آمد پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں کیونکہ ہم دعاؤں پر زور دے رہے ہیں اور جماعت سے کہہ رہے ہیں کہ دعائیں کرو، دعائیں کرو، دعائیں کرو، تم کچھ چیز نہیں ہو، خدا سے مانگو، خدا سے مانگو تو چونکہ شیطان کا کام ہے فتنہ پیدا کرنا وہ دعاؤں کی اس فضا میں بھی فساد پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے اور اس وسواس کے وسوسہ کے نتیجہ میں ایسے دعا گو پیدا ہوجاتے ہیں جو دعاؤں کے ذریعہ آمد پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ دعا گو پارٹیاں بن جاتی ہیں۔ جو جماعتی اتحاد میں رخنہ پیدا کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ یاد رکھنا چاہئے کہ دعاؤں کو حصول زر کا ذریعہ بنانا تو ایک لعنت ہے، یہ کوئی خوبی تو نہیں۔ دعا کا مزہ تو یہ ہے کہ غیر اللہ سے انسان آزاد ہوگیا اور صرف خدا پر توکل کرنے لگا، خدا تعالیٰ ہی اس کا والی اور وارث ہوا اور اس کا متکفل بنا، اس کا دوست ہوا اور اس کو دینے والا ہوا۔ تو دعا کا نام لے کر دعا گو بن کر اور اس دعویٰ کے بعد کہ سب حاجتیں حاجت روا کے سامنے ہی پیش کرنی ہیں۔ بندوں کے سامنے ہاتھ پھیلانا اور فانیوں کے "حضور" تہی دامانی کا رونا رونا اس سے بڑی لعنت اور کیا ہوسکتی ہے۔ اسی لئے 1939ء میں حضرت مصلح موعود نے جماعت کو بڑی سختی کے ساتھ اس بات کی طرف متوجہ کیا تھا۔ آپ نے فرمایا کہ

"مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہماری جماعت میں بعض خواب بینوں نے اپنی خوابوں اور دعاؤں کو آمد کا ذریعہ بنایا ہوا ہے اور وہ آنوں بہانوں سے لوگوں سے سوال بھی کرتے رہتے ہیں۔ جس شخص کو اللہ تعالیٰ بندوں سے مانگنے پر مقرر کردیتا ہے وہ تو ایک عذاب ہے۔ ایسے شخص کی خوابیں بھی یقیناً ابتلا کے ماتحت ہوسکتی ہیں۔ انعام کے طور پر نہیں"۔

(الفضل 8 نومبر 1939ء)

پس جماعت کو ایسے "دعا گو" سے بچتے رہنا چاہئے اور اس قسم کے فتنہ کو شروع ہی میں دبا دینا چاہئے۔ یہ بھی یاد رکھیں کہ الٰہی جماعتوں میں ہی ایسے لوگ پیدا ہوتے اور پیدا ہوسکتے ہیں۔ کیونکہ جو لوگ خدا کو بھول گئے، دعا کو بھول گئے، ان کو دعا کا کچھ پتہ ہی نہیں۔ ان میں ایسے لوگ نہیں پیدا ہوسکتے وہ تو مذاق کریں گے اور کہیں گے دوڑ جاؤ یہاں سے تم یہاں کیا کرنے آئے ہو۔ لیکن جو جماعت دعا پر زور دینے والی، دعاوں کے نتائج کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے والی ہو، اس کے بعض لوگ کمزوری کے نتیجہ میں ایسی حرکت بھی کرسکتے ہیں اور جماعت کے بعض کمزور لوگ ان سے متاثر بھی ہوسکتے ہیں۔

پس حال، دعا اور سچی خوابیں دنیا کمانے کے لئے نہیں۔ بڑا ہی خوش قسمت ہوگا وہ انسان جو اس دنیا سے اس حالت میں رحلت کرے کہ خدا تعالیٰ اسے کہے میں نے تجھے دنیا میں دنیوی اور روحانی ابتلاؤں اور امتحانوں میں ڈالا لیکن تو ہر امتحان میں کامیاب رہا۔ اب تو مستحق ہے کہ میری ابدی رضا کو حاصل کرے۔

ایک اور خطرہ جو الٰہی جماعتوں کو پیش آتا ہے یہ ہے کہ بعض دفعہ بعض لوگ اپنی خوابوں اور کشوف و رویا کے نتیجہ میں چھوٹی چھوٹی گدیاں بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس قسم کے فتنے سے بھی بچتے رہنا چاہئے اور ذرا بھی کوئی ایسی چیز نظر آئے تو اسے دبا دینا چاہئے۔ جس جماعت میں خلافت قائم ہو۔ اس جماعت کے کسی فرد کو کسی دوسرے سے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو نبی اکرم ﷺ کی زبانی یہ ڈھارس دی ہے کہ امام ایک ڈھال ہوتا ہے اور اس کے پیچھے سے لڑا جاتا ہے۔ جو تیر پڑے گا وہ امام کے سینے پر پڑے گا۔ پھر آپ کس چیز سے گھبراتے ہیں۔ آپ بے خوف ہوجائیں اور بے خوف ہوکر دینی کام کریں اور پھر بے خوف ہوکر ان فتنوں کو چاہے وہ چھوٹے نظر آئیں یا بڑے کچلنے کی کوشش کیا کریں اور یاد رکھیں کہ خلافت حقہ میں اس قسم کی کسی گدی کی (-) نے نہ اجازت دی ہے اور نہ اسے تسلیم کیا ہے۔ 1940ء میں اس قسم کا ایک فتنہ جماعت میں پیدا ہوا تھا۔ اس کا ذکر کرتے ہوئے۔

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

"ان کے اندر خود پسندی اور خودستائی تھی اور اپنی ولایت بگھارتے پھرتے تھے۔ لوگوں سے کہتے تھے ہم سے دعائیں کراؤ۔ **حالانکہ خلافت کی موجودگی میں اس قسم کی گدیوں والی ولایت کے کوئی معنے ہی نہیں** ...... خلفاء کے زمانہ میں اس قسم کے ولی نہیں ہوتے۔ نہ حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ میں کوئی ایسا ولی ہوا نہ حضرت عمرؓ یا حضرت عثمانؓ یا حضرت علیؓ کے زمانہ میں۔ ہاں جب خلافت نہ رہی تو اللہ تعالیٰ نے ولی کھڑے کئے کہ جو لوگ ان کے جھنڈے تلے جمع ہوسکیں انہیں کرلیں۔ تا قوم بالکل ہی تتر بتر نہ ہوجائے۔ لیکن جب خلافت قائم ہو اس وقت اس کی ضرورت نہیں ہوتی۔

(روزنامہ الفضل 16 جون 1940ء)

پس خلافت کی موجودگی میں ایسی ولایت کا وسوسہ دراصل کبر اور اباء ہے اور شیطانی وسوسہ ہے جہاں بھی پیدا ہو اسے کچل دینا چاہئے۔

آخر میں میں حضرت مسیح موعود کا ایک اقتباس پڑھ کر سنانا چاہتا ہوں۔ آپ فرماتے ہیں کہ "اصل یہ ہے کہ ولی اللہ بننا ہی مشکل ہے بلکہ اس مقام کا سمجھنا ہی دشوار ہوتا ہے کہ یہ کس حالت میں کہا جاوے گا کہ وہ خدا کا ولی ہے۔ انسان انسان کے ساتھ ظاہرداری میں خوشامد کرسکتا ہے اور اس کو خوش کرسکتا ہے۔ خواہ دل میں ان باتوں کا کچھ بھی اثر نہ ہو۔ ایک شخص کو خیر خواہ کہہ سکتے ہیں۔ مگر حقیقت میں معلوم نہیں ہوتا کہ وہ خیر خواہ ہے یا کیا ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ تو خوب جانتا ہے کہ اس کی اطاعت و محبت کس رنگ سے ہے۔ پس اللہ تعالیٰ کے ساتھ فریب اور دغا نہیں ہوسکتا۔ کوئی اس کو دھوکا نہیں دے سکتا۔ جب تک سچے اخلاص اور پوری وفاداری کے ساتھ یک رنگ ہوکر خدا تعالیٰ کا نہ بن جاوے کچھ فائدہ نہیں"۔

(ملفوظات جلد سوم ص 595)

(الفضل سالانہ نمبر 1967ء)

دعاؤں کا موقع

❁ مکرم محمد سرور ظفر صاحب نے حلقہ شالامار ٹاؤن لاہور میں وقف عارضی کی۔ انہوں نے رپورٹ میں لکھا ہے کہ نماز سنٹر قائم کئے گئے۔ اور بچوں کی تربیتی کلاس منعقد کی گئی۔ دعاؤں کا بہت موقعہ ملا۔

(قائد تعلیم القرآن و وقف عارضی مجلس انصاراللہ پاکستان)

چند مشہور سائنسدان

آندرے میری ایمپئر

1775ء تا 1836ء

آندرے میری ایمپئر 20 جنوری 1775ء میں فرانس کے ایک شہر لیوں میں پیدا ہوا۔ اس وقت انقلاب فرانس کی وجہ سے معاشی اور سیاسی بے چینی عام تھی۔ اس وقت لیوں فرانس کا ایک اہم تجارتی مرکز تھا۔ آندرے کا والد سِن کا ایک مشہور اور کامیاب تاجر تھا۔ آندرے ایک حساس نوجوان تھا اور اس کا اپنے باپ کے ساتھ بہت پیار رہا تھا۔ اس کے باپ نے ابتدائی عمر میں ہی اسے لاطینی اور یونانی تعلیمات سے روشناس کرایا۔ آندرے جونہی لکھنے اور پڑھنے کے قابل ہوا تو دیگر علوم کے مقابلے میں اس نے سب سے زیادہ دلچسپی ریاضی میں محسوس کی۔ وہ اکثر اوقات کنکروں اور پتھروں کی مدد سے حسابی مسائل سلجھاتا نظر آتا تھا۔ جلد ہی وہ اکثر حسابی مسائل کو الجبرے اور جیومیٹری کی مدد سے سلجھانے کے قابل ہوگیا۔

ایمپئر نے 1823ء میں برقی رو کے بہاؤ کے اثرات سے متعلق اپنی بڑی بڑی دریافتوں کو یکجا کر کے ایک تصنیف کی شکل دی اور بجلی اور مقناطیسیت کے متعلق اپنے نظریات کا پرچار کیا۔ اگرچہ یہ علمی کام ایٹم کی برقی ماہیت کی دریافت سے ستر سال قبل ہو چکا تھا لیکن پھر بھی ایمپئر کا کام ایک حیرت انگیز کاوش تھی۔ ایمپئر نے یہ وضاحت کی کہ مستقل مقناطیس میں مقناطیسیت کی موجودگی سالماتی بجلی کی وجہ سے ہوتی ہے۔

ایمپئر کی ہرنئی دریافت نے اس کی شہرت میں مزید اضافہ کیا۔ جیمز کلرک میکسویل نے دوقسم کی برقی رو کے مابین میکانکی عمل میں ایمپئر کی ریاضیاتی اور طبیعی توضیحات کو ہماری تاریخ کی روشن ترین کاوشیں قرار دیا۔ جیمز میکسویل، ایمپئر کو برقیات کا نیوٹن کہتا تھا۔ اس عظیم سائنسدان کے تجرباتی وجدان کے اعزاز میں بجلی کی بنیادی اکائی کا نام ایمپئر رکھ دیا گیا اور وہ آلہ جس کی مدد سے بجلی کے بہاؤ کی پیمائش کی جاتی ہے۔ ایم میٹر کہلاتا ہے۔ یہ ایمپئر میٹر کا مخفف ہے۔

امیدیو آوگادرو

1776ء تا 1856ء

امیدیو کا باپ اٹلی کے ایک شہر ٹورن کا ایک مشہور وکیل تھا۔ اس نے اپنے بیٹے کو ایک باعزت پیشے کی طرف راغب کیا۔ امیدیو جب سولہ سال کا تھا تو اس نے بیچلر کی ڈگری حاصل کی اور جب وہ بیس سال کا ہوا تو اس نے Church Law میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔ امیدیو کی زندگی نے اسے بہت کچھ دیا۔ اس کے اعلیٰ سرکاری افسروں، طبقہ امراء اور پاپائی نمائندوں کے ساتھ گہرے تعلقات تھے۔ اس کے علاوہ اس کی زندگی آسائشوں، مالی استحکام اور ذاتی تسکین سے پرتھی، لیکن امیدیو کی نظر میں اس کی کوئی اہمیت نہ تھی۔ اگرچہ وہ قانون پڑھا ہوا تھا لیکن اس میں بھی اسے کوئی خاص دلچسپی نہ تھی۔ چنانچہ وہ کیمیا، طبیعات اور ریاضیات کا زیادہ مطالعہ کرتا تھا اور حیران ہوتا تھا۔ سائنس کی طرف نئے نئے راغب ہونے والے روشن دماغ نوجوان کی کاوشیں اس قدر معیاری تھیں کہ وہاں کی یونیورسٹی کا سٹاف متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔ چنانچہ اس کے اعلیٰ کام کی بدولت اسے شمالی اٹلی کے ایک چھوٹے سے کالج میں طبیعات کا استاد مقرر کر دیا گیا۔ اسی کالج میں تدریس کے دوران اس نے آوگادرو کا قانون اخذ کیا۔ یہ قانون 1811ء میں شائع ہونے والی کتاب میں تفصیلاً درج تھا۔

1811ء میں شائع ہونے والے ایڈیشن Journal de Physique کی چند نقول عجائب گھروں میں آج بھی محفوظ ہیں اور کچھ اس کے شائقین کے پاس ہیں۔ یہ نقول امیدیو کی دریافتوں کے لئے سند کی حیثیت رکھتی ہیں۔ جس نے ایٹموں کے جدید کیمیائی نظریے کی بنیاد رکھی۔

کارل فریڈرش گاؤس

1777ء تا 1855ء

گاؤس 20/اپریل 1777ء میں جرمنی کے شہر برنسوک میں پیدا ہوا۔ اس کا باپ ایک معمولی معمار تھا۔ ابھی گاؤس کی عمر صرف تین سال ہی تھی کہ اس کی ذہانت وفطانت کھل کر سامنے آنے لگی۔ تقریباً اسی عمر سے اس نے خود ہی پڑھنا اور ریاضی میں دماغ لڑانا شروع کر دیا۔ یہاں تک کہ اس نے اپنے باپ کی تنخواہ کے اعداد وشمار میں ایک غلطی نکال دی۔ سات سال تک وہ گھر میں ہی پڑھتا رہا اور پھر اپنے شہر کے ایک پرائمری سکول میں باقاعدہ طور پر داخل ہوگیا۔

1830ء کے عشرے میں برقی مقناطیسیت کا نیا نظریہ فلکی میکانیات کی جگہ لے رہا تھا اور گاؤس پہلا سائنسدان تھا جس نے اس نئے تصور پر کام کیا۔ 1833ء میں اس نے ایک برقی ٹیلی گراف ایجاد کیا، جو اس نے اپنے گھر اور رصدگاہ کے درمیان استعمال کیا۔ اس کے گھر سے رصدگاہ کا فاصلہ تقریباً سوا میل تھا۔ اس نے مقناطیسیت کی پیمائش کے لئے ایک پیمانہ بھی ایجاد کیا اور ولہلم ویبر کے ساتھ مل کر ایک غیر مقناطیسی رصدگاہ قائم کی۔ علاوہ ازیں وہ جرمنی کی ایک مقناطیسی یونین کا منتظم بھی تھا جو جلد ہی پورے یورپ میں پھیل گئی۔ اس یونین کا مقصد مقناطیسی مظاہر کا درست مشاہدہ کرنا تھا۔ گاؤس اور اس کے ایک شاگرد ریمن نے برقی مقناطیسی نظریے پر غور وخوض کیا جو نیوٹن کے قانون تجاذب سے بہت مشابہ تھا۔ تاہم 1873ء میں کیمبرج کے جیمز کلرک میکسویل نے برقی مقناطیسیت کا نظریہ اخذ کیا۔ اگرچہ گاؤس پہلے ہی اس نظریے سے متعلق بنیادی ریاضیاتی کام کر چکا تھا۔ 1840ء میں اس نے علم المناظر پر جو تحقیقات کیں وہ عدسوں کے نظام میں اس کے اخذ کردہ نتائج کے حوالے سے بہت اہم تھیں۔ اس نے ایک پیمائشی آلہ بھی ایجاد کیا جس کو اس نے زمین کی پیمائش کے لئے علم ریاضی کی ایک شاخ میں استعمال کیا جس کے تحت نقاط اور اشکال کے درست مقام کا تعین بڑے بڑے زمینی قطعات کا رقبہ اور زمین کی تجاذبی قوت میں تغیرات کو معلوم کیا جاتا ہے۔ زمین کی پیمائش کے جدید علم کی بنیاد گاؤس ہی نے رکھی تھی۔

سر ہمفری ڈیوی

1778ء تا 1829ء

ڈیوی 17 دسمبر 1778ء میں برطانیہ کے ایک ساحلی علاقے پین زینس میں پیدا ہوا۔ اس کا باپ ایک غریب ترکھان تھا اور پانچ بچوں کو چھوڑ کر انتقال کر چکا تھا۔ چونکہ اس کا باپ سر پر نہ تھا، اس لئے وہ ایک دوافروش جراح کا شاگرد ہوگیا۔ دوافروش کا شاگرد ہونے کی وجہ سے اس کو صرف کٹھن صاف کرنے کے کام پر رکھا گیا۔ تاہم ڈیوی کے دل میں سائنس کے لئے دلچسپی پیدا ہوئی۔ چنانچہ اس نے مختلف اشیاء سے جو بھی اسے میسر آتیں، گھر میں تجربات کرنا شروع کر دیئے۔

اس نے اپنے کام کو حقیقی عناصر اور مرکبات میں تمیز کرنے کے لئے برق پاشی کے استعمال تک بڑھا دیا۔ 1807ء میں اس نے دونئی دھاتیں دریافت کیں جن کے نام اس نے پوٹاشیم اور سوڈیم رکھے۔ چند ہی مہینوں بعد اس نے پانچ اور دھاتوں کے وجود کو آشکار کیا۔ ان دھاتوں کے نام یہ تھے۔ کیلشیم، میگنیشیم، بورون، بیریم اور سٹرونشیم۔ بیریم اور سٹرونشیم کو تقریباً اسی وقت سویڈن کے ایک ماہر کیمیا برزیلیس نے الگ الگ کیا تھا۔ 1807ء میں ہی ڈیوی نے اپنے جدید تصورات پر مبنی ایک کتاب تصنیف کی جس کا نام On Some Chemical Agencies of Electricity تھا۔ اس تصنیف میں اس نے کیمیائی کشش کی برقی ماہیت کا مفروضہ قائم کیا تھا۔ 1812ء میں ڈیوی کو "سر" کا خطاب دیا گیا اور اسی سال اس نے شادی بھی کی۔ وہ اپنی دلہن کو یورپ کی تجربہ گاہوں کے پر افتخار دورے پر لے گیا۔ اس کا معاون مائیکل فیراڈے بھی ان کے ساتھ تھا۔ جب ڈیوی فرانس میں تھا تو اس نے گے لوساک کی حال ہی میں دریافت کردہ آیوڈین کو ایک عنصر اور کلورین سے مشابہ ثابت کیا۔ جنیوا میں اس نے تارپیڈو مچھلی کی برقی خاصیت پر تحقیقات کیں اور فلورنس میں اس نے آکسیجن میں ہیرے کے جلنے کے عمل پر بھی کام کیا۔ وہ جہاں کہیں بھی گیا اس کی روشن دماغی کی وجہ سے برطانیہ کے سرکردہ کیمیادان کی حیثیت سے اس کی عزت افزائی ہوئی۔

جوزف لوئی گے لوسک

1778ء تا 1850ء

لوسک 6 دسمبر 1778ء میں فرانس کے ایک قصبے سینٹ لیونارڈ میں پیدا ہوا۔ خدا نے اسے ایک تیز اور تجزیاتی ذہن عطا کیا تھا اور لڑکپن اور جوانی میں تواتر کے ساتھ اس کی ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ ہوتا گیا۔ چونکہ اسے سائنس میں خاص دلچسپی تھی۔ اس لئے 1797ء میں اس نے پولی ٹیکنیک سکول میں داخلہ لے لیا۔ اس کے بعد اس نے ایک اور اعلیٰ ترین ادارے Ecole Des Pontts Et Dhaussees میں تعلیم حاصل کی۔ دوران تعلیم چونکہ اس نے غیر معمولی سائنسی میلان کا اظہار کر لیا۔ لہٰذا ایک فرانسیسی کیمیادان برتھولیٹ نے اسے اپنے معاون کے طور پر منتخب کر لیا۔ برتھولیٹ، لیوائزے کے ساتھ بھی کام کر چکا تھا۔ 1802ء میں لوسک کو پولی ٹیکنیک سکول میں ڈیمانسٹریٹر نامزد کر دیا گیا۔ چونکہ لوسک کی کارکردگی اس ادارے کی ضروریات کے مطابق نہیں تھی، اس لئے اسے کیمسٹری کا پروفیسر بنا دیا گیا۔

لوسک نے سائنس کے میدان میں جو نمایاں کارنامے سرانجام دیئے، ان میں سے ایک یہ دریافت تھی کہ اگر کسی گیس کے معین حجم کو مستقل دباؤ کے تحت صفر درجہ سینٹی گریڈ تک ٹھنڈا کیا جائے تو جوں جوں ٹمپریچر کم ہوگا، مذکورہ گیس ہر درجہ سینٹی گریڈ کی کمی پر اپنے حجم کے 1/273 ویں حصے تک سکڑ جائے گی۔ اس کا مطلب نظریاتی طور پر یہ ہوگا کہ 273- ڈگری سینٹی گریڈ پر کسی بھی گیس کا حجم صفر ہو جائے گا یعنی گیس کا وجود ختم ہو جائے گا لیکن درحقیقت کسی گیس کو اتنا زیادہ ٹھنڈا کرنے سے پہلے ہی یہ گیس پہلے مائع میں اور پھر ٹھوس میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ جب لوسک اس اہم دریافت پر کام کر رہا تھا تو اسی دوران ایک اور فرانسیسی سائنسدان چارلس نے بھی یہی مظہر دریافت کیا جو آجکل زیادہ جامع شکل میں چارلس یا لوسک کے قانون کے طور پر مشہور ہے اور وہ قانون یہ ہے کہ "اگر کسی گیس پر دباؤ مستقل ہو تو گیس کا حجم اس کے مطلق درجہ حرارت کے براہ راست متناسب ہوتا ہے"۔

ایک سائنسدان کی حیثیت سے لوسک نے اپنی طویل زندگی کے دوران تعلیمی اور حکومتی شعبوں میں بہت سے اہم عہدوں پر کام کیا۔ وہ سوربون میں طبیعات اور Jardin Des Plantes میں کیمیا کا پروفیسر تھا۔ وہ فرانس کی مشاورتی کمیٹی کا رکن اور فرانس کی ٹکسال کا پرکھیا تھا۔ 1831ء میں وہ ایک علاقے Haute Vienne کی نمائندگی کے لئے فرانس کے ایوان نمائندگان کا رکن منتخب ہوگیا۔ آخرکار 1850ء میں جب اس عظیم سائنسدان کی عمر بہتر سال تھی اس کا انتقال ہوگیا۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 61201 میں ناہید طاہرہ

زوجہ ڈاکٹر محمد نصر اللہ خان پیشہ خانہ داری عمر 47 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 27-6-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور مالیتی -/17600000 غانین کرنسی۔ 2۔ حق مہر بذمہ خاوند -/15000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300000 غانین کرنسی ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ ناہید طاہرہ گواہ شد نمبر 1 عبد اللطیف گواہ شد نمبر 2 عبد الحمید طاہر

مسل نمبر 61203 میں نیرہ قمر درانی

بنت رشید درانی خان قوم درانی خان پیشہ طالب علم عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن شرق اوسط بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 15-8-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 ریال ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ نیرہ قمر رشید گواہ شد نمبر 1 سید مجیب الرحمٰن گواہ شد نمبر 2 عبد الحمید

مسل نمبر 61204 میں عاصم ارشاد چٹھہ

ولد محمد ارشاد چٹھہ قوم جٹ پیشہ ملازمت عمر 34 سال بیعت 1993ء ساکن شرق اوسط بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 4-9-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3142 ریال ماہوار بصورت تنخواہ اور -/8000 ریال ہاؤس رینٹ سالانہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد عاصم ارشاد چٹھہ گواہ شد نمبر 1 عبد الحمید گواہ شد نمبر 2 سید مجیب الرحمٰن

مسل نمبر 61205 میں فرحت نسیم

زوجہ بشیر احمد قریشی قوم مغل آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 36 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن شرق اوسط بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 26-10-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر -/50000 روپے۔ 2۔ طلائی زیور اندازاً 253 گرام۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 ریال ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ فرحت نسیم گواہ شد نمبر 1 سید مجیب الرحمٰن گواہ شد نمبر 2 عبد الحمید

مسل نمبر 61206 میں زھدہ انصاری

زوجہ عبید اللہ انصاری قوم ترکی پیشہ خانہ داری عمر 35 سال بیعت 1996ء ساکن شرق اوسط بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 18-6-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ حق مہر -/10000 ریال۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 ریال ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ زھدہ انصاری گواہ شد نمبر 1 عبد الحمید گواہ شد نمبر 2 چوہدری ریاض احمد

مسل نمبر 61207 میں نگہت فاروق

زوجہ مرزا فاروق احمد قوم ملک اعوان پیشہ خانہ داری عمر 27 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن شرق اوسط بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 30-9-5 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 220 گرام اندازاً مالیتی -/180000 روپے۔ 2۔ حق مہر ادا شدہ -/100000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/Dh200 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ نگہت فاروق گواہ شد نمبر 1 مرزا انیس احمد ولد مرزا بشیر احمد گواہ شد نمبر 2 فاروق احمد خالد

مسل نمبر 61208 میں اویس طاہر

ولد بشیر احمد طاہر قوم اعوان پیشہ ملازمت عمر 28 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن سوئٹزر لینڈ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 23-12-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ رہائشی پلاٹ برقبہ 504 مربع میٹر اندازاً مالیتی -/76000 فرانک سوئس۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4000 فرانک ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد اویس طاہر گواہ شد نمبر 1 مبشر احمد طاہر ولد بشیر احمد طاہر گواہ شد نمبر 2 بشیر احمد طاہر والد موصی

مسل نمبر 61209 میں نسرین اختر

زوجہ داؤد احمد ندیم قوم وینس پیشہ خانہ داری عمر 41 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کینیڈا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-9-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 900-85 گرام مالیتی -/1984 کینیڈین ڈالر۔ 2۔ حق مہر بذمہ خاوند -/15000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 کینیڈین ڈالر ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ نسرین اختر گواہ شد نمبر 1 عبد الرشید یحیٰ وصیت نمبر 21165 گواہ شد نمبر 2 داؤد احمد ندیم خاوند موصیہ

مسل نمبر 61210 میں محمد وسیم

ولد محمد اعظم قوم ککے زئی پیشہ کاروبار عمر 67 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.S.A بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 29-12-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ کاروباری سرمایہ -/4550000 ڈالر۔ 2۔ پلاٹ 7 مرلہ واقع ساہیوال کا 2/9 حصہ۔ 3۔ نقد رقم -/28000 ڈالر بصورت انوسمنٹ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/10000 ڈالر سالانہ بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ اور بصورت انوسمنٹ مبلغ -/600 ڈالر سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمد وسیم گواہ شد نمبر 1 قمر احمد ولد لطیف اے ظفر گواہ شد نمبر 2 Hazeem Pudhiapucn S/O Mohammad.P.

مسل نمبر 61211 میں امۃ الحبیب بیگم

